لافتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ٣٦	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ١٣ شعبان المعظم ١٣٤٣ھ مطابق ٩ مارچ ١٩٢٥ء	نمبر ١٠

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ٢٥ فروری ١٩٢٥ء

منظوری درخواست صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر بصراحت ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

(١) ملک معافی باغ قاضی والا پر قبضہ دخلخارج صابر علیخان و محمد احمد خان پسران محمد یوسف خان کرا دیا جائے۔

(٢) کل رقم متعلقہ (جسمین وہ رقم بھی شامل ہے جو تجاوز(؟) پیشی لگادی گئی ہے)

فہرست مضامین

تعدادی چار ہزار چھ سو اناسی تیرہ آنہ نو پائی صاحب ریونیو سکرٹری کو انکی رسید لیکر دیدیجائے۔ صاحب موصوف اس رقم کو محفوظ کر دینگے اور بمنظوری ما بدولت و اقبال حسب ضرورت صابر علیخان و محمد احمد خان کو دلواتے رہینگے۔ زائد رقم کی بابت ایسا انتظام کر دیا جاوے کہ اس سے آمدنی رہے۔ یہ انتظام دس سال تک رہیگا اسکے بعد جو رقم ہوگی اسکو نابالغان بلا شرط لے سکینگے۔

(۳) دس سال کے اندر ملک معافی مذکور کو نابالغان نہ فروخت کر سکینگے نہ بذریعہ کفالت پٹہ زرپیشگی یا اور طرح اسپر قرضہ لے سکینگے نہ کسیطرح اسکو منتقل کر سکینگے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

بصراحت بالا احکام ضابطہ بجریان اور ایک نقل اسکی مع نقل عرضداشت درج گزٹ ہو۔

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعرض پیر سانند

جناب عالی

ملک موسومہ باغ قاضی والا واقع موضع سیتھنی ناگار حضور تحصیل ... صابر علی خان و محمد احمد خان پسران محمد یوسف خان عرف ننھا خان تحویل ترقی خواہ کے قبضہ میں ہے جسکو بنظر تحفظ ترقیخواہ نے اپنی سپردگی میں کر دیا تھا اب صابر علی خان و محمد احمد خان کی زیادہ خواہش ہے کہ انکو مجتمعہ دیدیجائے اور ملک مذکور پر انکا قبضہ کرا دیا جائے۔ ترقیخواہ بھی اس بار سے سبکدوش ہونا چاہتا ہے لیکن یہ بھی چاہتا ہوں کہ جب ان لڑکون کی حالت اطمینانی نہیں ہے حتی الامکان اس جائداد اور روپیہ کا تحفظ بھی ہو جائے۔ لہذا ترقی خواہ حسب ذیل تجویز برائے منظوری پیش کرتا ہے۔

(۱) ملک مذکور پر صابر علی خان و محمد احمد خان کا قبضہ ہو جائے اور دونون کے نام داخل خارج فرما دیا جائے۔

۲- انکو وقتاً فوقتاً دیگئی ہے اسکی منہائی کے بعد جو روپیہ جمع ہوا ہے اس سے مبلغ ... ایک تجارتی کمپنی مین لگا دیے گئے تھے جس سے مالانہ ۱۳ سالانہ کی آمدنی ہے اسکے علاوہ انکے مبلغ ... اسوقت باقی ہے چونکہ وہ کل روپیہ چاہتے ہین۔ لہذا یہ دونون رقمین یعنی جملہ مبلغ ...

ترقی خواہ سے لیا جائے اور ترقیخواہ کو رسید بہ تصدیق کسی سکرٹری صاحب دلوادی جائے۔

(۳) یہ رقم کسی محفوظ جگہ امانت کرا دیجائے اور حسب ضرورت ان دونو کی شادی کیواسطے وقتاً فوقتاً ایک رقم مناسب دلوا دیجائے باقی رقم بطور امانت قرار دیجائے کہ اسکا سود بھی انکے نام جمع ہوتا رہے اور بغیر حکم سرکار ابد قرار اور بلا ضرورت شدید انکو دس سال تک نہ ملے

(۴) ملک معافی مذکورہ کی بابت بھی یہ حکم فرما دیا جائے کہ آیندہ دس سال کے اندر بلا حکم ریاست نہ وہ فروخت کیجا سکے نہ اسپر بذریعہ رہن کفالت زرپیشگی پٹہ وغیرہ یعنی کسی طور پر قرضہ لیا جا سکے۔ لہذا یہ عرضداشت بامید صدور حکم پیش کیجاتی ہے۔ زیادہ حد ادب

دولت و اقبال جاوید باد

روبکار محکمہ عالیہ دار الانشاء اجلاس بندگان عالی متعالی دام اقبالہم وملکہم واقع یکم مارچ سنہ ۱۹۱۰ء

بنظر مراسم اتحاد و یکجہتی جو فیما بین گورنمنٹ عالیہ برطانیہ و ریاست قائم ہین اہلکاران مصرحہ تحت کو دستور العمل اسلحہ مجریہ ریاست سے مستثنے کیا جاتا ہے۔

(۱) جملہ گزیٹیڈ مسئول حکام برٹش گورنمنٹ۔

(۲) جملہ کمیشنڈ افسران فوج و پولیس برٹش گورنمنٹ۔

(۳) جملہ کمیشنڈ و نان کمیشنڈ افسران فوج برطانیہ جو بکار سرکار عمدہ و در ریاست مین ہو کر گزرین۔

حکم ہوا کہ

احکام اصلاحی جاری ہون۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم واقع یکم مارچ سنہ ۱۹۱۰ء

ان موضعات مین جو حسب رپورٹ اجرا ہے ایک قمار بازی کی منظوری جاتی ہے کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہون۔

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جناب عالی

صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بر بنائے رپورٹ سب انسپکٹر ٹانڈہ تحریر کیا ہے کہ ٹانڈہ بڑا قصبہ ہے۔ اور رعایا یہاں کی مفسد اور قمار بازی کی عادی ہے۔ مثل شاہ آباد و بلاسپور و سوار کے نفاذ ایکٹ قمار بازی کی ضرورت ہے۔ حسب ضابطہ حکم اجرائے قانون قمار بازی دفعات نمبر ۳ و نمبر ۴ و نمبر ۱۳ - ایکٹ نمبر ۳ سنہ ۱۸۶۷ء کا نفاذ فرمایا جائے۔ سب انسپکٹر نے قصبہ ٹانڈہ مع جملہ مزروعات ٹانڈہ و لشکر دولی بادری مین بصراحت رپورٹ اجرائے ایکٹ قمار بازی کی استدعا کی ہے۔

تنخواہ کو صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس کی رائے سے اتفاق ہے بغرض صدور حکم منظوری اجرائے ایکٹ قمار بازی مع اضعاف مصرحہ رپورٹ سب انسپکٹر ٹانڈہ کاغذات ہذا ارسال حضور ہین۔

والادب

عرض ... صاحب ... ۱۹۲۵ء

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۲ مارچ ۱۹۲۵ء

حسب استدعائے صاحب سکریٹری بہادر حضور معرفت منشی ناصر حسن خان اسسٹنٹ اکونٹنٹ ہیڈ مشترکہ سکریٹری کی رخصت ۱ اپریل ۱۹۲۵ء تا ... رخصت سابقہ بوضع تنخواہ منظور فرمائی گئی۔

رخصت

۴ مارچ ۱۹۲۵ء

حسب تحریر صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر۔ اسسٹنٹ مرزا حسن صاحب کی رخصت یکہفتہ ۱۰ مارچ سنہ حال سے بضرورت جانے بمقام ... بغرض شرکت شادی منظور فرمائی گئی۔

اضافہ

۴ مارچ ۱۹۲۵ء

حسب رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر۔ صاحبزادہ سید یوسف جمال خان بہادر انسپکٹر پولیس لین کے پانچ روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ حسن انجام دہی کار و گذرنے مدت یکسال منظور فرمایا گیا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۳ مارچ ۱۹۲۵ء

حسب تحریر صاحب مہتمم بندوبست۔ عنایت حسین خان گرداور قانونگوئے تحصیل شاہ آباد کی مزید رخصت نو یوم ۱۲ فروری ۱۹۲۵ء سے بانتظام سابقہ منظور ہوئی۔

تبادل

۳ مارچ ۱۹۲۵ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس۔ سب انسپکٹران کا تبادلہ بنظر بہبودی کار سرکار بتفصیل ذیل منظور کیا گیا ——— تنخواہ اپنی اپنی پائینگے۔

اشفاق النبی خان سب انسپکٹر ملک سے بکار انچارجی تھانہ گنج مین

عبد الصمد سب انسپکٹر عظیم نگر سے بکار انچارجی تھانہ ملک مین۔

محی الدین خان سب انسپکٹر تھانہ گنج سے بکار انچارجی تھانہ عظیم نگر مین۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

موقوفی

۴ مارچ ۱۹۲۵ء

حسب درخواست صفدر علی خان عرف ننھو خان مع تصدیق رجسٹرار صاحب صدر۔ پیارے خان ولد نیاز علی خان ساکن کوچہ ... متعلقہ ان کو صفدر علی خان عرف ننھو خان نے اپنی مختار عامی سے موقوف کر دیا ہے۔ لہذا درج گزٹ کیا گیا۔

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہوکر طبع ہوگئی ہین۔ ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اُٹھائیے خود بھی خرید فرما کر پڑھیے اور احباب کو بھی دکھائیے۔

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب "کافی" کا اُردو ترجمہ ہے۔ اسکی عمدگی اس کے نام سے ظاہر ہے جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲؍ ہے۔

التوحید۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے اسمین خداوند عالم کے وجود اُس کی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے اس کی قیمت بھی علاوہ محصول ۱۲؍ ہے۔

خصائص معاویۃ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول کتاب جامع حامدی کے ملحقات مین ہے جو در اصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے بعض مطالب کا اِس مین اضافہ کیا گیا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک ۲؍ ہے۔

جس قدر نسخے مطلوب ہون درخواست منصرم صاحب کتب خانہ کی خدمت مین ارسال فرمائیے

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتداء ۱۶ لغایت ۲۲ فروری ۱۹۳۵ء

نام جنس	تحصیل حضور	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۰	۰	۵۰۲۰/ر	۵۲/ر	۵۰۱/ر	
نخود خالص	۰	۰	۰	۷/ر	۸۰/ر	۸/ر	
نخود کشتہ آمیز	۰	۰	۰	۷/ر	۰	۸۰۱/ر	
کت	۰	۰	۰	۷۰۱/ر	۰	۹۰۱/ر	
ماش	۰	۰	۰	۵۰۱/ر	۶/ر	۶/ر	
مونگ	۰	۰	۰	۰	۰	۶/ر	
مکا	۰	۰	۰	۷/ر	۸/ر	۸/ر	
جئی	۰	۰	۰	۰	۰	۱۱/ر	
کودی	۰	۰	۰	۰	۰	۹/ر	
عدس	۰	۰	۰	۰	۰	۹/ر	
ارہر	۰	۰	۰	۰	۰	۱۰/ر	
برنج	۰	۰	۰	۳۰۱/ر	۰	۳۰۱/ر	
روغن زرد	۰	۰	۰	۷ چھٹانک	۰/ر	۰/ر	
روغن سیاہ	۰	۰	۰	۱/ر	۱/ر	۱/ر	
روغن کنجد	۰	۰	۰	۱/ر	۱/ر	۱/ر	
نمک سانبھر	۰	۰	۰	۱۰/ر	۱۱/ر	۱۱/ر	
نمک لاہوری	۰	۰	۰	۵/ر	۰	۷/ر	
قند سیاہ	۰	۰	۰	۵۰۱/ر	۷/ر	۷/ر	
باجرہ	۰	۰	۰	۰	۰	۷/ر	

مطبوعہ پریس سرکاری رامپور اسٹیٹ